Prepp
Your Personal Exams Guide

# UGC NET PAPER 2 JANUARY 22, 2017 SHIFT 1 URDU QUESTION PAPER

**Note :** This paper contains **fifty (50)** objective type questions of **two (2)** marks each. **All** questions are compulsory.

اس پرچے میں پچاس (50) معروضی سوالات ہیں، جن میں ہر ایک کے لئے دو (2) نمبر مختص ہیں۔ تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

1. درج ذیل میں سرسید کے سفرنامے کی نشاندہی کیجیے :

(1) آئینہ فرنگ (2) مسافرانِ لندن

(3) سیر ایران (4) عجائبات فرنگ

2. ''میر امّن کو اُردو نثر میں وہی مرتبہ حاصل ہے جو میر تقی میر کو شاعری میں حاصل ہے۔''

یہ بیان کس کا ہے؟

(1) شبلی (2) حالی

(3) نذیر احمد (4) سرسید احمد خاں

3. ''عیارالشعرا'' کا موضوع کیا ہے؟

(1) تاریخ (2) داستان

(3) تنقید (4) تذکرہ

4. قلی قطب شاہ نے دکن کی اُردو کے علاوہ اور کس زبان میں شاعری کی ہے؟

(1) مراٹھی (2) ملیالم

(3) تلگو (4) تمل

5. ناصر کاظمی کا اصل نام کیا ہے؟

(1) ناصر رضا (2) ناصر علی

(3) قاسم رضا (4) ضامن علی

6. اردو کا مسکن ''دوآبۂ گنگ وجمن'' کس نے قرار دیا ہے؟

(1) مسعود حسین خاں

(2) محی الدین قادری زور

(3) شوکت سبزواری

(4) محمود شیرانی

7. وَلی کے اس مصرعۂ اولیٰ سے مکمل کیجیے:

مجنوں ہوں ترے غم کوں بیاباں سوں کہوں گا

(1) جلتا ہوں شب و روز ترے غم میں اے ساجن

(2) قرباں پری مکھ پہ ہوئی چوب سی جل کر

(3) مجھ پر نہ کرو ظلم، تم اے لیلیٰ خوباں

(4) تعریف ترے قد کی، الف وار مری جن

8. ''اردو میں ہندی دوہوں کی بنیاد پر ایہام گوئی نے ترقی کی'' یہ کس کا قول ہے؟

(1) مسعود حسین خاں

(2) مولوی عبدالحق

(3) مولانا محمد حسین آزاد

(4) حامد حسن قادری

9. کون سا جزو شعور کی رو کی تکنیک میں شامل نہیں ہے؟

(1) براہِ راست اندرونی خودکلامی

(2) بالواسطہ اندرونی خودکلامی

(3) آزاد تلازمۂ خیال

(4) مکالمہ

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

.10 ذیل میں سے کس شاعر نے کوئی قصیدہ نہیں کہا ؟

(1) خواجہ میر درد
(2) محمد رفیع سودا
(3) ذوق
(4) غالب

.11 تجھ مُکھ کی پرستش میں گئی عمر مری ساری
شعر مکمل کیجیے۔

(1) ٹک مہر کے پانی سوں تو آگ بجھاتی جا
(2) اے بُت کی پجن ہاری ٹک اس کو پجاتی جا
(3) ٹک پاؤں کے جھانجھر کی جھنکار سناتی جا
(4) یک بار اسے موہن چھاتی سوں لگاتی جا

.12 صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(1) گوہر مرزا - آگ کا دریا
(2) تلوکا - شکست
(3) رخشندہ - صفینۂ غم دل
(4) خوجی - ابن الوقت

.13 ذیل میں سے کون سا جزو نحویات سے متعلق نہیں ہے ؟

(1) ترکیب
(2) جزو
(3) جزو متصل
(4) صوت رکن

.14 اُردو میں تقابلی مطالعے کی ابتدا کس نے کی ؟

(1) محمود شیرانی
(2) عبدالرّحمٰن بجنوری
(3) شبلی نعمانی
(4) امداد امام اثر

.15 میر کی آپ بیتی کا کیا نام ہے؟

(1) مزا میر
(2) ذکر میر
(3) نکات الشعرا
(4) بیان میر

Prepp
Your Personal Exams Guide

**.16** دبیر کا پورا نام کیا ہے؟

(1) مرزا کرامت علی
(2) مرزا فصاحت علی
(3) مرزا سلامت علی
(4) مرزا وجاہت علی

**.17** اِن میں سے کون ایہام گو شعرا میں شمار نہیں ہوتا ؟

(1) آبرو
(2) ناجی
(3) مضمون
(4) فائز

**.18** درج ذیل میں سے کون سی نظم قطعہ کی ہیئت میں ہے ؟

(1) مدرسۂ علی گڑھ
(2) فرضی لطیفہ
(3) یادِ طفلی
(4) فضائے برشگال

**.19** فسانۂ عجائب میں وزیر زادے کو تبدیلِ روح کا عمل کون سکھاتا ہے ؟

(1) انجمن آرا
(2) چڑی مار
(3) جادوگر
(4) جان عالم

**.20** مفروضہ کا تعلق کس سے ہے؟

(1) تنقید
(2) تخلیق
(3) تفسیر
(4) تحقیق

**.21** کون سی شاخ اسلوبیات میں شامل نہیں ہے؟

(1) صوتیات
(2) مارفیمیات
(3) معنیات
(4) سماجی لسانیات

Prepp Your Personal Exam Guide

.22 'حضور سنگھ' کس ناول کا کردار ہے؟

(1) گئودان
(2) ایک چادر میلی سی
(3) ٹیڑھی لکیر
(4) لندن کی ایک رات

.23 قصیدہ کے اجزا کی صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(1) تشبیب - مدح - گریز - دُعا
(2) تشبیب - گریز - دعا - مدح
(3) تشبیب - گریز - مدح - دعا
(4) دعا - تشبیب - مدح - گریز

.24 رات محفل میں تری ہم بھی کھڑے تھے چپ کے
جیسے تصویر لگا دے کوئی دیوار کے ساتھ

یہ شعر کس کا ہے؟

(1) غالب
(2) میر
(3) فانی
(4) مومن

.25 درج ذیل نظریہ کس کا ہے؟

''میں یہ نہیں کہتا کہ پیغام اور شاعری میں کوئی بَیر ہے شرط یہ ہے کہ پیغام شعری تجربہ بن جائے۔''

(1) شمس الرحمٰن فاروقی
(2) کلیم الدین احمد
(3) آلِ احمد سرور
(4) شبلی

26. ''شعرِ نو'' کس کی تصنیف ہے؟

(1) محمد حسن (2) احتشام حسین

(3) کلیم الدین احمد (4) شمس الرحمٰن فاروقی

27. ''ادب سیاسی، مذہبی اور اخلاقی موضوعات سے مدد لیتا ہے، لیتا رہا ہے، مگر یہ مذہب کا خادم ہے نہ سیاست کا نقیب، نہ اخلاق کا نائب۔ ادب ہرجائی ہے اور ادب کا ہرجائی پن ہی اس کی دولت ہے، یہ معلومات نہیں، تاثرات عطا کرتا ہے۔ یہ علم نہیں عرفان دیتا ہے، یہ نظریہ نہیں نظر بخشتا ہے۔''

(1) محمد حسن (2) آلِ احمد سرور

(3) کلیم الدین احمد (4) شبلی

28. ''فانی یاسیت کے امام ہیں۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(1) رشید احمد صدیقی (2) کلیم الدین احمد

(3) احتشام حسین (4) آل احمد سرور

29. کس فکشن نگار کے یہاں جیمس جوائس اور ورجینیا ولف کا اثر واضح طور پر نظر آتا ہے؟

(1) حیات اللہ انصاری (2) عصمت چغتائی

(3) خواجہ احمد عباس (4) قرۃ العین حیدر

30. انشاء اللہ خاں انشا کا تعلق کس دبستان شاعری سے ہے؟

(1) دبستان دہلی (2) دبستان لکھنؤ

(3) دبستان عظیم آباد (4) دبستان رام پور

**31.** ''سلیم کے عشق کا رازطشتِ ازبام ہو چکا ہے۔'' یہ جملہ ڈراما ''انارکلی'' کے باب سوم کے کس منظر کی ابتدا ہے؟

(1) منظر اول
(2) منظر دوم
(3) منظر سوم
(4) منظر چہارم

**32.** بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں حالت اب اضطراب کی سی ہے

اس میں کون سا لفظ مشبہ بہ ہے؟

(1) حالت
(2) اضطراب
(3) سی
(4) بیقراری

**33.** عشق کے مضراب سے نغمۂ تارِ حیات

عشق سے نورِ حیات، عشق سے نارِ حیات

یہ شعر اقبال کی کس نظم کا ہے؟

(1) عقل و دل
(2) مسجدِ قرطبہ
(3) حسن و عشق
(4) عشق و موت

**34.** دیکھ سکتا نہیں میں گل کوں ہر یک خار کے ساتھ

سراج اورنگ آبادی کے اس مصرعۂ اولیٰ کے مصرعۂ ثانی کی نشاندہی کیجیے۔

(1) اپنے ہمراہ رقیبوں کوں نہ لا، ہائے نہ لا
(2) مرغِ بسمل سالہو بیچ رُلا، ہائے رُلا
(3) نہیں تو یک پل میں مرا جان چلا، ہائے چلا
(4) دل مرا کیوں نہ پکارے کہ جلا، ہائے جلا

Prepp
Your Personal Exams Guide

.35 ''سبیل ہدایت'' کس کا مجموعہ ہے ؟
(1) میر تقی میر
(2) مرزا مظہر جان جاناں
(3) محمد رفیع سودا
(4) خواجہ بندہ نواز گیسودراز

.36 ''فیض کس نظریے کا شاعر نہیں، احساسات کا شاعر ہے'' کس کا قول ہے ؟
(1) آل احمد سرور
(2) سجاد ظہیر
(3) ن۔م۔ راشد
(4) کلیم الدین احمد

.37 سرسید کی سائنٹفک سوسائٹی کا قیام کہاں عمل میں آیا ؟
(1) بجنور
(2) علی گڑھ
(3) مرادآباد
(4) غازی پور

.38 'چترسین' کس مثنوی کا کردار ہے ؟
(1) زہر عشق
(2) خواب و خیال
(3) گلزار نسیم
(4) دریائے عشق

.39 پروفیسر محمد حسن تنقید کے کس دبستان سے متعلق تھے ؟
(1) جمالیاتی تنقید
(2) مارکسی تنقید
(3) تاثراتی تنقید
(4) مشرقی تنقید

.40 مرزا سلامت علی دبیر کہاں پیدا ہوئے ؟
(1) لکھنؤ
(2) دہلی
(3) آگرہ
(4) فیض آباد

Prepp Your Personal Exams Guide

.41 کون سی تحریک مصالحانہ تحریک ہے؟

(1) ترقی پسند تحریک (2) جدید تحریک

(3) رومانوی تحریک (4) سرسید تحریک

.42 لائی حیات، آئے قضا لے چلی چلے اپنی خوشی نہ آئے، نہ اپنی خوشی چلے

یہ شعر کس کا ہے؟

(1) خواجہ میر درد (2) میرتقی میر

(3) ذوق (4) مومن

.43 میر انیس کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(1) دہلی (2) فیض آباد

(3) لکھنؤ (4) امروہہ

.44 ''دولت کا مغالطہ عجیب و غریب ہے۔ دولت مند اپنے آپ کو سب سے زیادہ طاقت ور، عقل مند، قوم پرست، طُرفہ یہ کہ سب سے زیادہ معقول بھی سمجھتا ہے۔ کبھی بحیثیت مجموعی کبھی علیحدہ علیحدہ۔''

یہ اقتباس مضامین رشید کے کس انشائیہ سے ماخوذ ہے؟

(1) پاسباں (2) ارہر کا کھیت

(3) مغالطہ (4) کارواں پیداست

.45 سودا کے اس شعر کو مصرعۂ ثانی سے مکمل کیجیے :

یہ رنجش میں ہم کو ہے بے اختیاری

(1) تجھے تیری کھا کر قسم دیکھتے ہیں

(2) جو نامہ اسے کر رقم دیکھتے ہیں

(3) جو کچھ دوست اپنے سے ہم دیکھتے ہیں

(4) ہم اپنا ہی دم اور قدم دیکھتے ہیں

.46 اجتماعی لاشعور کا نظریہ کس نے پیش کیا ؟

(1) فرائڈ
(2) ایڈلر
(3) ژونگ (یونگ)
(4) شبیہ الحسن

.47 رجب علی بیگ سرور کا مدفن کہاں ہے ؟

(1) بنارس
(2) لکھنؤ
(3) کان پور
(4) فیض آباد

.48 ''شعرائے اُردو کے تذکرے'' کس کی تحقیقی کتاب ہے ؟

(1) قاضی عبدالودود
(2) حافظ محمود شیرانی
(3) حنیف احمد نقوی
(4) رشید حسن خاں

.49 ''باغ و بہار'' زرد بیل پر سوار ہو کر آنے والے نوجوان کی عمر کتنی بتائی گئی ہے ؟

(1) چودہ تا پندرہ
(2) پندرہ تا سولہ
(3) اٹھارہ تا بیس
(4) انیس تا بیس

.50 ''تنقیدی حاشیے'' کس کے مضامین کا مجموعہ ہے ؟

(1) احتشام حسین
(2) آل احمد سرور
(3) مجنوں گورکھپوری
(4) محمد حسن